# 111863 ـ تعليم مكمل كرنے كی دليل دے كر بيٹی كو شادی كرنے سے منع كرنا

**سوال**

ميرے كئی ايك رشتے آئے ليكن والد صاحب نے يہ كہہ كر رد كر ديے كہ ابھی ميری تعليم مكمل نہيں ہوئی، ميں نے والدين كو منانے كی كوشش كی كہ مجھے شادی كی رغبت ہے اور شادی ميری تعليم ميں ركاوٹ پيدا نہيں كريگی، ليكن والدين اپنے موقف پر قائم رہے، تو كيا والدين كی رضامندی كے بغير ميرے ليے شادی كرنا جائز ہے، وگرنہ مجھے كيا كرنا چاہيے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

بلاشك مناسب رشتہ آنے پر بھی والد كا آپ كی شادی نہ كرنا حرام كام ہے، اور پھر شادی تو تعليم سے بھی اہم ہے، اور تعليم شادی كے منافی نہيں كيونكہ دونوں كام ہی ہو سكتے ہيں شادی كے بعد بھی تعليم جاری رہ سكتی ہے.

اور آپ جس حالت سے دوچار ہيں اس ميں آپ كے ليے شرعی عدالت سے رجوع كرنا جائز ہے تا كہ جو ہوا ہے وہ بيان كر سكيں اور پھر آخری فيصلہ شرعی عدالت كا ہو گا " انتہی

فضيلۃ الشيخ محمد بن عثيمين رحمہ اللہ .